کتب خانہ سرکاری

Rampur State Gazette.

EXTRA ORDINARY.

اسٹیٹ گزٹ رامپور

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۱ | مطبوعہ روز چہارشنبہ بتاریخ ۱۹ ماہ ذی الحجہ سنہ ۱۳۶۰ھ مطابق ۷ ماہ جنوری سنہ ۱۹۴۲ء | جلد ۵۵

گزٹ غیر معمولی

فرمان و روبکار اجلاس ہمایوں اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

۱	فرمان بابت اظہار خوشنودیٔ مزاج از رعایا و علیا حضرت ہر ہائینس دام اقبالہا و ارکانِ ریاست بہنگام مراجعت از ممالک مشرقِ وسطیٰ۔	۲ و ۳
۲	روبکار بابت اظہار خوشنودیٔ مزاج از عالیجناب منسٹر صاحبان بہادر و سکریٹری صاحبان بہادر و دیگر افسران متعلقہ بسلسلۂ انجام دہی خدمات بہنگام مراجعت	۳

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

فرمان

اجلاسِ ہمایونِ اعلیٰحضرت بندگانِ حضورِ پُرنور دام اقبالہم وملکہم

۷ جنوری ۱۹۴۲ء

مابدولت واقبال کی واپسی ممالک مشرق وسطیٰ پر ہماری رعایا نے جس عقیدت، خلوص اور جذبات وفاداری کا مظاہرہ کیا ہے اس کو ہم نہایت قدر ومنزلت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ ہماری رعایا نے جس پُرجوش اور شاندار طریقہ سے ہمیں خوش آمدید کہا اُس کا ہمارے قلب پر ہمیشہ گہرا اثر رہے گا۔

تاریخ کی اس حقیقت سے کسی وقت بھی انکار نہیں کیا جا سکتا کہ ریاست رامپور نے ہمیشہ حضور ملکِ معظم کی وفاداری کو قابلِ فخر سمجھا اور ان روایات کے پیشِ نظر ہم نے موجودہ جنگ میں اپنی ذاتی خدمات پیش کر دیں اور ہم کو میدانِ جنگ پر جانے کا موقع ملا جس سے ہماری تاریخ کی نمایاں خصوصیات میں ایک شاندار اضافہ ہوا۔ جیسا کہ ہم نے فرمان مطبوعہ گزٹ غیر معمولی یکم دسمبر ۱۹۴۱ء میں ظاہر کیا تھا ہماری دلی تمنا تھی کہ ہم اپنی فوج کے ساتھ خود بطور رسالدار رفیق جاتے۔ ہماری یہ تمنا ایک حد تک پوری ہوئی اور ہم نے کچھ روز اپنی فوج کے ساتھ رہ کر محسوس کیا کہ اُن کی خدمات قابلِ تحسین ہیں اور وہ ہمارے دشمن کے خلاف اپنی قابلِ فخر روایات کو برقرار رکھنے میں ہر طرح کامیاب ہیں اور اُن میں شجاعت ونام آوری کے جذبات بدرجہ اتم کارفرما ہیں۔ ہمیں یہ دیکھ کر بے حد مسرت ہوئی کہ ہماری فوج کے جوانوں کی صحت میں میدانِ جنگ پر جا کر نمایاں ترقی ہوئی ہے اور اُن کے خورد ونوش کا انتظام بہت اچھا ہے۔ وہ سب تندرست اور مطمئن نظر آتے ہیں۔

عالی مرتبت مسٹر سیلوے بہادر اس سفر میں ہمارے ہمرکاب تھے اور انہوں نے اپنے فرائض کو نہایت عمدگی سے انجام دیا۔ ہم اُن کی خدمات سے بہت خوش ہیں۔

ہماری غیر موجودگی میں علیا حضرت ہر ہائینس نے بطور "ریجنٹ" ریاست کے نظم و نسق میں جس تدبر، قابلیت اور خوش اسلوبی سے کام کیا وہ لائق تحسین ہے۔ ہم کو بے حد مسرت ہے کہ ہماری توقع کے مطابق اس زمانہ میں ہر ہائینس کو ہماری رعایا کا وہی جذبۂ وفاداری حاصل رہا جو ہم کو حاصل ہے۔

اس زمانہ میں عالی مرتبت مسٹر سید بشیر حسین زیدی بہادر چیف منسٹر پر ہماری غیر موجودگی کی وجہ سے جو اہم تریں ذمہ داریاں عائد ہوئی تھیں وہ اُن سے نہایت قابلیت سے عہدہ برآ ہوتے۔ ہم اُن کی خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ اور جملہ اراکین کونسل کی خدمات کو بھی پسندیدہ نظر سے دیکھتے ہیں۔

آخر میں ہم دست بدعا ہیں کہ خداوند عالم برطانیہ عظمی کو فتح و نصرت عطا فرماتے اور دنیا میں پر امن و سکون کا دور ہو اور ظلم و استبداد کی قوتوں کا خاتمہ ہو۔

حکم ہوا کہ

فرمان ہذا غیر معمولی گزٹ میں شائع کیا جائے۔

دستخط اعلیٰ حضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم ملکہم

رُوبکار:- مورخہ ۷؍ جنوری ۱۹۴۲ء

عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر نے ہم سے زبانی عرض کیا کہ ہماری مراجعت کے سلسلہ میں عالی مرتبت منسٹر صاحبان بہادر، سکریٹری صاحبان بہادر اور دیگر افسران متعلقہ بالخصوص عالی مرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر نے نہایت انہماک اور سرگرمی سے خدمات انجام دیں۔ ما بدولت و اقبال ان افسران کی خدمات پر اظہار خوشنودی مزاج فرماتے ہیں۔ عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر افسران کو ہمارے حکم سے اطلاع دے دیں۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیٰ حضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم ملکہم